2015 (A)

رول نمبر ____________

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ-II (کلاس بارہویں)

اردو اعلیٰ پرچہ۔ دوسرا

وقت = 2.30 گھنٹے

اِنشائیہ

کل نمبر = 80

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

حصہ اول

2۔(الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 4 + 4 + 1 + 1 = 10

(i) کیا جھکا کعبے کی جانب کو ہے قبلا بادل — سجدے کرتا ہے سوئے یثرب و بطحا بادل

(ii) بحرِ امکاں میں رسولؐ عربی دُرِّ یتیم — رحمتِ خاص خداوندِ تعالیٰ بادل

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور ہر شعر کے شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 4 + 4 + 4 + 1 + 1 + 1 = 15

(i) دیکھا ہوں تجھے خواب میں اے مایہ خوبی! — اس خواب کو جا یوسفؑ کنعاں سوں کہوں گا

(ii) تھا مستعار حسن سے اُس کے جو نور تھا — خورشید میں بھی اُس ہی کا ذرّہ ظہور تھا

(iii) تنہائی ہے، غریبی ہے، صحرا ہے، خار ہے — کون آشنائے حال ہے کس کو پکاریے

حصہ دوم

3۔ درج ذیل نثر پارے کی تشریح بحوالہ سیاق وسباق کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 6 + 2 + 1 + 1 = 10

بعض اوقات شریف الفاظ کی شرافت ہی سے انکار کر دیا جاتا ہے۔ سچائی، وفاداری، حیا، تواضع، حقیقت جیسے الفاظ سے ان کا اصلی سرمایۂ معنی ہی چھین لیا جاتا ہے۔ فرانس کے نیم رومانی، نیم مجہول ادب پر یہی گزر رہی ہے اور بعض اشترا کی معاشروں میں پرانی شریفانہ اقدار کو جا گیر دارانہ اقدار کہہ کر ان سے متعلق الفاظ کی حقیقت ہی سے انکار ہو رہا ہے۔ خیر اور شر، نیکی اور بدی، صلہ رحمی اور انسانی ہمدردی جیسے الفاظ کی کایا پلٹ ہو گئی ہے۔

4۔ خواجہ حیدر علی آتش یا مولانا ظفر علی خاں کے مختصر سوانح حیات اور ان کی شاعری کی خصوصیات تحریر کیجیے۔ 6 + 4 = 10

5۔ مولوی عبدالحق یا مختار مسعود کے سوانحی حالات اور نثر نگاری کی خصوصیات تحریر کیجیے۔ 3 + 2 = 5

6۔ رحمان باباؒ کے سوانح اور کلام کی خصوصیات تحریر کیجیے۔ 6 + 4 = 10

7۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر جامع مضمون تحریر کیجیے۔ 20

(الف) غالب ایک عظیم شاعر (ب) قائدِ اعظم (ج) اسلام کا معاشی نظام

59-2015(A)-800 (MULTAN)